بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# قانتین اور عابدین میں فرق

## سوال:

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حدیث پاک ہے:

عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى الضُّحٰى رَكْعَتَيْنِ لَمْ يُكْتَبْ مِنَ الْغَافِلِيْنَ وَمَنْ صَلّٰى اَرْبَعاً كُتِبَ مِنَ الْعَابِدِيْنَ وَمَنْ صَلّٰى سِتًّا كُفِيَ ذٰلِكَ الْيَوْمَ وَمَنْ صَلّٰى ثَمَانِيًا كَتَبَهُ اللهُ مِنَ الْقَانِتِيْنَ وَمَنْ صَلّٰى ثِنْتَيْ عَشَرَةَ بَنَى اللهُ لَهٗ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ.

(مجمع الزوائد للہیثمی: رقم الحدیث 3419)

ترجمہ: حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے چاشت کی دو رکعات پڑھیں تو اس کا نام غافلین میں نہیں لکھا جائے گا۔ جس نے چار رکعات پڑھیں تو اس کا نام "عابدین" میں لکھا جائے گا۔ جس نے چھ رکعات پڑھیں تو اس دن اس شخص کی ضرویات پوری کی جائیں گی۔ جس نے آٹھ رکعات پڑھیں اللہ تعالیٰ اس کا نام "قانتین" میں لکھ دیں گے اور جس نے بارہ رکعات پڑھیں تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں گھر بنا دیں گے۔

عرض یہ ہے کہ اس حدیث پاک میں "قانتین" اور "عابدین" کے الفاظ ہیں۔ ان دونوں میں کیا فرق ہے؟

**سائل: عبد اللہ، خیبر پختون خواہ**

**03478120224**

## جواب:

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

**عابدین:**

اللہ تعالیٰ کے سامنے حد درجہ عاجزی اختیار کرنے کو "عبادت" کہتے ہیں۔ "عابد" سے مراد وہ شخص ہے جو اللہ تعالیٰ کے سامنے کمال عاجزی اور حد درجہ بندگی اختیار کرے۔

امام ابو القاسم الحسین بن محمد المعروف راغب الاصفہانی (ت 502ھ) لکھتے ہیں:

العبودية إظهار التذلل، والعبادة أبلغ منها لأنها غاية التذلل.

(المفردات للراغب الاصفہانی:ص319)

ترجمہ: ”عبودیت“ کا معنی عاجزی کا اظہار کرنا ہے۔ ”عبادت“ اس سے زیادہ بلیغ لفظ ہے کیونکہ یہ عاجزی کی انتہائی کیفیت کا نام ہے۔

**قانتین:**

”قانت“ اس شخص کو کہتے ہیں جو اطاعت پر دوام اختیار کرے یا عبادت میں طویل قیام سرانجام دے۔

ملا علی بن سلطان محمد القاری الھروی الحنفی (ت 1014ھ) لکھتے ہیں:

القانتين أي المواظبين على الطاعة أو المطولين القيام في العبادة.

(مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوٰۃ المصابیح: ج4ص316)

ترجمہ: قانتین؛ ان لوگوں کو کہتے ہیں جو اطاعت و فرمانبرداری پر دوام اختیار کریں یا عبادت کرتے ہوئے طویل قیام کریں۔

**خلاصۃً یوں کہا جاسکتا ہے کہ** نفسِ عاجزی و اطاعت اختیار کرنے والوں کو ”عابدین“ اور اس عاجزی و اطاعت پر دوام اختیار کرنے والوں کو ”قانتین“ کہتے ہیں۔

**واللہ اعلم بالصواب**

**7-اپریل2021ء**